کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے یوم صحافت کے موقع پر بلوچستان سمیت ملک بھر کی صحافی برادری کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں جو حقائق کو عوام تک پہنچا کر جمہوری اقدار کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ آزاد، شفاف اور ذمہ دار صحافت ہی کسی بھی معاشرے کو انتشار، خلفشار اور تصادم سے محفوظ رکھتے ہوئے ترقی و استحکام کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی سماج کی تعمیر و ترقی مثبت اور تعمیری صحافت کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ حاجی علی ......

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

مدد جتک نے کہا کہ موجودہ دور میں صحافی برادری پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ منفی، بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی صحافت کی حوصلہ شکنی کیلئے اپنی جدوجہد مزید تیز کرے تاکہ عوام تک مستند، غیر جانبدار اور حقائق پر مبنی معلومات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

## حکومت صحافت کو ریاست کا ایک اہم ستون سمجھتی ہے، فیصل جمالی

حکومت صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

اوستہ محمد (آئی این پی) صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے عالمی یوم صحافت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ حکومت صحافت کو ریاست کا ایک اہم ستون سمجھتی ہے اور میڈیا سے وابستہ افراد کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذمہ دارانہ اور مثبت صحافت معاشرے کی بہتری اور عوامی شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت صحافیوں کی فلاح و بہبود اور پیشہ ......

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ورانہ امور کی بہتری کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، تاکہ میڈیا سے وابستہ افراد بہتر ماحول میں اپنی ذمہ داریاں انجام دے سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے صحافی مشکل حالات کے باوجود قومی ترقی اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، جسے حکومت تسلیم کرتی ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ حکومت آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے اور اس سلسلے میں پالیسی کے مطابق اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے، تاکہ ایک متوازن اور ذمہ دار میڈیا فروغ پا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور صحافتی برادری کے درمیان باہمی تعاون سے ہی ایک مضبوط اور مستحکم معاشرے کی تشکیل ممکن ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 04 MAY 2026 Page No. 14


## حکومت آزاد صحافت یقینی بنانے، صحافیوں کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہے، شعیب نوشیروانی

**بلوچستان کے صحافی مشکل حالات کے باوجود اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھارہے ہیں، پیغام**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ سیاست اور صحافت کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے صحافی اپنے قلم کے ذریعے معاشرے کے مسائل اجاگر کرتا ہے اور سیاستدان انہی مسائل کے حل کے لیے پارلیمان اور دیگر فورمز پر فعال کردار ادا کرتا ہے بلوچستان حکومت صوبے میں آزادانہ صحافت کو یقینی بنانے اور صحافیوں کے مسائل کے حل کے لیے پوری طرح پرعزم ہے عالمی یوم آزادی صحافت کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان دنیا بھر اور بالخصوص بلوچستان کے تمام صحافیوں، کالم نویسوں، رپورٹرز، مدیران اور شعبہ صحافت سے وابستہ افراد کو دلی خراج تحسین پیش کرتے ہیں جو سچائی، دیانت اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافت کسی بھی مہذب اور جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے اور ایک آزاد، خودمختار اور ذمہ دار میڈیا ہی عوام کو درست معلومات فراہم کرکے شعور بیدار کرتا ہے۔ میڈیا ریاست اور عوام کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کرتا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## حکومت آزادیٔ صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے، سلیم کھوسہ

**ریاستی مضبوطی کیلئے آزاد ذمہ دار اور بااصول صحافت کا کردار ناگزیر ہے، صوبائی وزیر**

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے یوم آزادی صحافت کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ حکومت آزادی صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے کیونکہ صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی مضبوط بنیاد ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جمہوری استحکام قومی یکجہتی اور ریاستی مضبوطی کیلئے آزاد ذمہ دار اور بااصول صحافت کا کردار ناگزیر ہے ذمہ دارانہ صحافت ہی حقیقی آزادی.........


بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر


صحافت کا بنیادی تقاضا ہے میر سلیم احمد خان کھوسہ نے بلوچستان کے صحافیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے صحافی انتہائی کٹھن اور مشکل حالات میں اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام دے رہے ہیں جو قابل ستائش اور قابل فخر ہے انہوں نے کہا کہ حق و صداقت کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے صحافی قوم اور ریاست کا سرمایہ ہیں ان کی لازوال قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحافی برادری کے حقوق تحفظ اور آزادی کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

## مستقبل میں بھی فلاحی منصوبے جاری رہیں گے‘ نور محمد دمڑ

**برنائی زرمانہ پیڑی میں سولر سسٹم کی فراہمی اور تقسیم کا عمل مکمل ہو چکا‘ صوبائی وزیر**

برنائی (آن لائن) صوبائی وزیر کوڈینیٹیمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کی خصوصی فنڈز اور فوکل پرسن برنائی حاجی باز محمد دمڑ کی انتھک محنت، لگن اور عوامی خدمت کے جذبے کے تحت ضلع برنائی کے علاقے کلی زرمانہ پیڑی میں تمام گھرانوں کو شمسی توانائی (سولر سسٹم) کی فراہمی اور تقسیم کا عمل مکمل کر لیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ یہ منصوبہ موجودہ توانائی بحران کے تناظر میں ایک انقلابی.........


بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر


اقدام ہے، جو حکومت کی عوام دوست پالیسیوں اور ترقیاتی وژن کی عملی تعبیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے نہ صرف علاقے میں بجلی کی دیرینہ کمی کا خاتمہ ہوگا بلکہ تعلیمی، سماجی اور معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری آئے گی اہل علاقہ نے اس تاریخی اقدام کو بھرپور انداز میں سراہتے ہوئے صوبائی قیادت بالخصوص حاجی نور محمد خان دمڑ اور فوکل پرسن حاجی باز محمد دمڑ کی کاوشوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ عوام نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی اسی طرح کے فلاحی منصوبے جاری رہیں گے اہل علاقہ کے لوگوں نے کہا کہ یہ منصوبہ حکومت اور عوام کے درمیان مضبوط اعتماد، خدمتِ خلق اور ترقی کے عزم کا واضح مظہر ہے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 04 MAY 2026 Page No. 16

## بلوچستان میں زعفران کی کاشت نے ایک اہم سنگ میل عبور کرلیا

## گیس کمپنی کی کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نئے کنکشنز پر پابندی

**فیصلہ موجودہ صارفین کو گیس کی فراہمی یقینی بنانے کے پیش نظر کیا گیا، حکام**

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی حکومت نے ملک میں مقامی گیس کے ذخائر میں مسلسل کمی اور بڑھتی ہوئی طلب کے باعث نئے گھریلو اور کمرشل صارفین کیلئے گیس کنکشنز پر پابندی عائد کر دی ہے، جس کے بعد سوئی سدرن گیس کمپنی نے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں نئے گیس کنکشنز کے اجراء کو مکمل طور پر روک دیا ہے حکومت کی جانب سے یہ فیصلہ مقامی گیس کی پیداوار میں کمی اور موجودہ صارفین کو گیس کی فراہمی یقینی بنانے کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ سردیوں کے موسم میں گیس بحران مزید شدت اختیار کر جاتا ہے، جس کے ......

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

باعث نئے صارفین کو شامل کرنا موجودہ نظام پر اضافی دباؤ ڈال سکتا ہے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کے ذرائع نے یو این اے کو بتایا کہ پابندی کے بعد کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نئے گھریلو اور کمرشل درخواست گزاروں کے گیس کنکشن کیسز روک دیے گئے ہیں اور فی الحال کسی نئی درخواست پر عملدرآمد نہیں کیا جا رہا اس فیصلے سے خاص طور پر کوئٹہ اور دیگر سرد علاقوں کے شہری متاثر ہوں گے جہاں گیس بنیادی ضرورت سمجھی جاتی ہے ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت آر ایل این جی (RLNG) کے ذریعے نئے کنکشنز فراہم کرنے کی پالیسی پر غور کر رہی ہے تاکہ متبادل بنیادوں پر صارفین کو گیس کی سہولت دی جا سکے۔ تاہم آر ایل این جی کے تحت کنکشنز کیلئے ڈیمانڈ نوٹس، سیکیورٹی ڈیپازٹ اور دیگر چارجز روایتی گیس کنکشنز کے مقابلے میں کافی زیادہ ہونے کا امکان ہے، جس سے عام صارفین پر اضافی مالی بوجھ پڑ سکتا ہے توانائی ماہرین کے مطابق ملک میں گیس کے ذخائر تیزی سے کم ہو رہے ہیں جبکہ آبادی اور صنعتی ضروریات میں اضافے کے باعث طلب بڑھتی جا رہی ہے، جس سے حکومت کو توانائی کے متبادل ذرائع اختیار کرنے کی ضرورت پیش آ رہی ہے شہری حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان سمیت سرد علاقوں کے عوام کے لئے خصوصی پالیسی مرتب کی جائے تاکہ بنیادی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ساتھ نئے صارفین کو بھی مناسب سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

## کلکٹر کسٹم کا دورہ تفتان، تاجروں کو فراہم سہولیات کا جائزہ لیا

**محمد داد پیرزادہ کا ایف آئی اے امیگریشن گیٹ، قرنطینہ سینٹر اور پاکستان ہاؤس کا معائنہ**

چاگی (آن لائن) کلکٹر کسٹم محمد داد پیرزادہ نے سرحدی شہر تفتان کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ایف آئی اے امیگریشن گیٹ، قرنطینہ سینٹر اور پاکستان ہاؤس کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے زائرین اور مسافروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے واضح کیا کہ کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ کلکٹر کسٹم نے پاک-ایران سرحدی تجارت کے فروغ کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ مقامی تاجروں کو ......

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہو۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ تفتان میں چھوٹے تاجروں کو آگے آنے کے مواقع دیے جا رہے ہیں۔ دورے کے دوران محمد داد پیرزادہ نے پاکستان ہاؤس میں زائرین سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور حل کی یقین دہانی کرائی۔

## درہ کوژک میں ٹنل کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز

**درہ کوژک دشوار چڑھائی مسافروں وتجارتی گاڑیوں کو مشکلات کا سامنا رہتا ہے**

**وفاقی حکومت کے منصوبے کے تحت ٹنل کی تعمیر سے سفر کا دورانیہ کم ہوگا**

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی حکومت نے بلوچستان کے اہم مواصلاتی منصوبے کے تحت کوئٹہ چمن بین الاقوامی شاہراہ پر واقع درہ کوژک میں ٹنل کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے، جسے خطے میں آمد و رفت، تجارت اور سفری سہولیات کے فروغ کیلئے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے حکام کے مطابق درہ کوژک بلوچستان کا ایک اہم اور دشوار گزار پہاڑی راستہ ہے، جہاں شدید موسمی حالات، دشوار چڑھائی اور ٹریفک دباؤ کے باعث مسافروں اور تجارتی گاڑیوں ......

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کو طویل تاخیر اور مشکلات کا سامنا رہتا ہے ٹنل کی تعمیر سے نہ صرف سفر کا دورانیہ کم ہوگا بلکہ بھاری مال بردار گاڑیوں اور مسافروں کو محفوظ اور آسان سفری سہولت بھی میسر آئے گی کوئٹہ-چمن شاہراہ پاکستان کی اہم بین الاقوامی تجارتی شاہراہوں میں شمار ہوتی ہے جو ملک کو سرحدی شہر چمن کے ذریعے افغانستان اور وہاں سے وسطی ایشیائی ممالک سے جوڑتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس منصوبے کو علاقائی تجارت، ٹرانزٹ اور اقتصادی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے انتہائی اہم قرار دیا جا رہا ہے یو این اے کے مطابق منصوبہ مکمل ہونے کے بعد پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارتی سامان کی ترسیل مزید تیز ہوگی جبکہ درآمدات و برآمدات کے عمل میں بھی بہتری آئے گی۔



## گوادر، انسداد ڈینگی اقدامات تیز، کمیونٹی سطح پر سرگرمیاں جاری

**شہری احتیاطی تدابیر اختیار، صفائی کا خیال اور محکمہ صحت کی ٹیموں کیساتھ تعاون کریں، ضلعی انتظامیہ**

گوادر (غ ن) ضلع گوادر میں ڈینگی کے بڑھتے خطرات کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر محکمہ صحت نے فوری، مربوط اور موثر حکمت عملی کے تحت

بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

انسداد ڈینگی اقدامات مزید تیز کر دیے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر یاسر طاہر کی سربراہی میں متعلقہ محکموں کے اشتراک سے کمیونٹی سطح پر روزانہ کی بنیاد پر بھرپور سرگرمیاں جاری ہیں اس ضمن میں لیڈی ہیلتھ سپروائزرز اور لیڈی ہیلتھ ورکرز کو متحرک کرتے ہوئے ضلع بھر میں گھر گھر آگاہی مہم شروع کی گئی۔ ٹیمیں شہریوں کو ڈینگی سے بچاؤ کے طریقوں سے آگاہ کرنے کے ساتھ فعال سرویلنس کے ذریعے مشتبہ کیسز کی بروقت نشاندہی، علاج کی نگرانی اور احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد بھی یقینی بنا رہی ہیں تاکہ بیماری کے پھیلاؤ کو ابتدائی مرحلے میں ہی روکا جا سکے۔ حالیہ دنوں میں تحصیل گوادر کی یونین کونسل کے بعض علاقوں خصوصاً نیا آباد، ملا اسماعیل اور فقیر کالونی میں ڈینگی کیسز میں اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے ہنگامی بنیادوں پر فوگنگ کی کارروائیاں شروع کر دی گئیں۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر کی قیادت میں خصوصی ٹیمیں تشکیل دی ہیں جو متاثرہ علاقوں میں کیس ٹریسنگ، آگاہی، ماحولیاتی صفائی کے فروغ اور حفاظتی اقدامات پر بھرپور کام کر رہی ہیں۔ مشتبہ و تصدیق شدہ کیسز کی بروقت رپورٹنگ اور فالو اپ کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں، اردگرد صفائی کا خاص خیال رکھیں اور محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 04 MAY 2026 Page No. 18

# محکمہ تعلقات عامہ میں بھرتیاں: میرٹ اور شفافیت کو مقدم رکھا جائیگا، عسکر خان

## پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل افراد کی شمولیت سے ادارے کی کارکردگی مزید موثر اور مضبوط ہوگی، اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان و چیرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی عسکر خان کی صدارت میں محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان میں بھرتیوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بھرتی کے عمل اور مختلف انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ اطلاعات اسد کمسی، ڈپٹی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی بابر ڈائریکٹر تعلقات عامہ سعید شاہوانی اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن محکمہ تعلقات عامہ نجیب اللہ لانگو نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بھرتیوں کے عمل کو شفاف، منصفانہ اور میرٹ کی بنیاد پر یقینی بنانے کے لیے مختلف امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ تمام مراحل کو مکمل شفافیت اور قواعد و ضوابط کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا تاکہ اہل اور قابل امیدواروں کو ان کا حق مل سکے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان و چیرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی عسکر خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلقات عامہ میں بھرتیوں کے عمل کے دوران میرٹ، شفافیت اور انصاف کے اصولوں کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق تمام تقرریاں خالصتاً اہلیت اور قابلیت کی بنیاد پر کی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان ایک اہم ادارہ ہے اور اس میں بہترین پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل افراد کی شمولیت سے ادارے کی کارکردگی مزید موثر اور مضبوط ہوگی۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بھرتیوں کے تمام مراحل کو غیر جانبدارانہ انداز میں مکمل کیا جائے گا تاکہ عوام کا اعتماد مزید مستحکم ہو۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated 04 MAY 2026 Page No. 19

# تاجروں کے مسائل کے حل کیلئے کردار ادا کرینگے مولانا ہدایت الرحمن

پاک ایران بارڈر گوادر اور مکران کے عوام کیلئے روزگار کا ایک بڑا ذریعہ ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

**بارڈر ایریاز میں بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے، بارڈر پوائنٹ 250 کا دورہ کے موقع پر تاجروں سے گفتگو**

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ پاک ایران سرحدی علاقے گبد ریمدان بی پی 250 تک گئے جہاں انہوں نے پاک ایران سرحدی مارکیٹ کا دورہ کیا، تاجر برادری سے ملاقات اور ان کے مسائل تفصیل سے سنے۔ ملاقات کے دوران تاجروں نے امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کو آگاہ کیا کہ بی پی 250 سے سالانہ چار سے پانچ ارب روپے حکومتی خزانے میں جمع کرائے جاتے ہیں تاہم اس کے باوجود بنیادی سہولیات کا ........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

شدید فقدان ہے، بارڈر پر نہ پینے کا صاف پانی، نہ بجلی، نہ مناسب انفراسٹرکچر اور نہ ہی جدید دور کے تقاضوں کے مطابق انٹرنیٹ کی سہولت دستیاب ہے جس کے باعث کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہیں اس موقع پر امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے تاجروں کے مسائل سنے اور یقین دہانی کرائی کہ وہ ان مسائل کو متعلقہ حکام اور متعلقہ حلقوں تک پہنچا کر ان کے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے تاجروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاک ایران سرحدی تجارت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے خاص طور پر گوادر اور مکران کے عوام کیلئے روزگار کا ایک بڑا ذریعہ ہے بارڈر ایریاز میں بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے تاکہ تجارت کو فروغ ملے اور تاجر برادری کو درپیش مشکلات میں کمی آسکے۔ مولانا ہدایت الرحمن نے مزید کہا کہ اگر بارڈر پر جدید سہولیات، بہتر انفراسٹرکچر اور انٹرنیٹ کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے تو نہ صرف تجارت میں اضافہ ہوگا بلکہ حکومتی ریونیو میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔

# حالات بہتر کرنے کیلئے قومی جماعتوں کے مقام کو تسلیم کرنا ہوگا، مالک بلوچ

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی اور قومی ہے اس کا سیاسی گفت وشنید ہی حل ہے لیکن یہ بات حکمرانوں کو سمجھ نہیں آرہی ہے

**بلوچستان میں قومی مفاہمتی پالیسی اپنا کر سیاسی مذاکرات کیلئے راہ ہموار کرنے کا سلسلہ شروع کیا جائے، جان بلیدی**

تربت (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور سابق سیکرٹری جنرل سینیٹر جان محمد بلیدی نے نیشنل پارٹی تحصیل دشت کے کونسل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد اور ملک کی مقتدرہ بلوچستان کے مسائل کو سنجیدہ نہیں لے رہا ہے بدقسمتی سے وفاق پاکستان کو بلوچ وطن اور اس میں بسنے والے لوگوں سے زیادہ ........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے وسائل میں دلچسپی ہے۔ بلوچستان میں لوگوں کو ووٹ کا حق دینے کے لیے بھی اسلام آباد تیار نہیں ہے جب تک بلوچستان کی سیاسی و جمہوری قومی جماعتوں کے سیاسی مقام کو تسلیم نہیں کیا جاتا حالات کسی صورت بھی بہتر نہیں ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا مسئلہ ایک سیاسی اور قومی مسئلہ ہے اس کا سیاسی گفت وشنید ہی حل ہے لیکن یہ بات حکمرانوں کو سمجھ نہیں آرہی ہے وہ طاقت کے زور پر اس کو حل کرنے کا سوچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غلط سوچ اور غلط پالیسی کی وجہ سے بلوچستان یہاں تک آگیا ہے جو آگ بلوچستان میں جنرل مشرف نے لگائی ہے بلوچ ابھی آگ میں جھلس رہا ہے۔ وقت وحالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ بلوچستان میں قومی مفاہمتی پالیسی اپنا کر سیاسی مذاکرات کے لیے راہ ہموار کرنے کا سلسلہ شروع کیا جائے اور لوگوں کے اعتماد کو بحال کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جاری ترقیاتی عمل میں کرپشن کو ختم کیا جائے، تعلیم پر خصوصی توجہ دی جائے، ملازمتوں میں بلوچ نوجوانوں کو میرٹ پر بھرتی کی جائے۔ گرفتار سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے یا عدالتوں میں پیش کیا جائے۔ غیر قانونی ماورائے آئین و قانون اقدامات سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ پارٹی کو فعال و متحرک بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ پارٹی ممبرشپ کارڈز کے لیے دیئے گئے فارم کو پر کرکے فوراً مرکزی سیکرٹریٹ کو ارسال کریں یا ضلعی تنظیم کے حوالے کریں۔ اجلاس سے حاجی فدا حسین دشتی، یونس جاوید، ڈاکٹر سجاد دشتی، عزیز اللہ دشتی، وسیم بلوچ، اقبال انور دشتی، جمیل دشتی، نثار احمد، اسحاق بلوچ، فضل بلوچ، شبیر ایڈووکیٹ نے بھی خطاب کیا۔

# آزادی صحافت کا عالمی دن، پیکا ایکٹ کیخلاف احتجاج، نعرے بازی

صحافتی تنظیمیں خود جعلی خبریں اور ڈس انفارمیشن کا خاتمہ چاہتی ہیں، منظور احمد رند، عرفان سعید، نورالٰہی بگٹی

**پیکا ایکٹ پر نظر ثانی کی جائے اور آزادی صحافت پر پابندیوں کو فوری ختم کیا جائے، شاہ حسین ترین کا خطاب**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آزادی صحافت کے عالمی دن پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی کال بلوچستان میں بھی آزادی صحافت کا عالمی دن منایا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے میں صحافیوں اور سول سوسائٹی ورکرز نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرے سے صدر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس منظور احمد رند، صدر کوئٹہ پریس کلب عرفان سعید، سینئر نائب صدر پی ایف ........ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

یو جے نورالٰہی بگٹی، جنرل سیکرٹری بی یو جے شاہ حسین ترین، سول سوسائٹی آرگنائزیشن کے رہنما بہرام لہڑی نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ بلوچستان میں صحافت کو مشکل بنا دیا گیا ہے پابندیوں کی وجہ سے واقعات کو رپورٹ کرنا بھی ناممکن ہو گیا ہے بلوچستان میں صحافی سب سے زیادہ عدم تحفظ کا شکار ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No 4 Dated 04 MAY 2026 Page No. 20

# بارکھان، وزیراعلیٰ کا قریبی ساتھی قتل، فائرنگ تبادلے میں 2 دہشتگرد ہلاک

**محمد بخش کو اغواء کے بعد قتل کیا گیا فورسز کی فوری کارروائی، ایک دہشتگرد زخمی حالت میں گرفتار اسلحہ برآمد**

**پولیس کی بھاری نفری اور قبائلی شخص کی سربراہی میں علاقے میں آپریشن، دہشتگردوں کا گھیراؤ کر لیا گیا**

کوئٹہ (سی. پورٹ) بارکھان میں دہشتگردوں نے وزیراعلیٰ کے قریبی ساتھی کو اغوا کے بعد قتل کر دیا پولیس اور سیکورٹی فورسز کا سرچ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک ایک کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا۔ آپریشن رات گئے تک جاری رہا پولیس ذرائع کے مطابق بارکھان دہشت گردوں نے وزیراعلیٰ کے قریبی ساتھی ولی بخش ......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کو گزشتہ روز اغوا کرنے کے بعد قتل کر دیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی آئی جی لورالائی رینج جنید احمد شیخ کی سربراہی میں ایف سی، پولیس و قبائلی امن فورس کی دہشتگردوں کے خلاف مشترکہ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم تنظیم کے دو دہشت گرد ہلاک ہو گئے جبکہ ایک کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا فورسز نے مقتول کی لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچائی پولیس ذرائع نے بتایا کہ ڈی آئی جی جنید شیخ اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے بھائی آفتاب بگٹی کی سربراہی میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن جاری، دہشتگردوں کو گھیرے میں لیا ہوا ہے۔

## تربت: فورسز کی مشتبہ گاڑی پر فائرنگ، دو افراد ہلاک

**فورسز نے روکنے کی ہر ممکن کوشش کی، ڈرائیور نے اشارے نظرانداز کئے**

**غلام جیلانی اور فریدہ بی بی موقع پر دم توڑ گئے، تعلق افغانستان سے تھا**

تربت (این این آئی) دشت بشولی میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے ایک مشتبہ گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہو گئے۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت غلام جیلانی اور فریدہ نامی خاتون کے طور پر ہوئی ہے، جن کا تعلق افغانستان سے بتایا جاتا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق مذکورہ گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا گیا تھا تاہم گاڑی نہ ......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

رکنے پر فائرنگ کی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گاڑی کو روکنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی لیکن ڈرائیور کی جانب سے اشارے کو نظر انداز کیا گیا جس کے بعد یہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ گاڑی میں متعدد افراد سوار تھے جو مبینہ طور پر غیر قانونی طور پر ایران جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ گاڑی میں سوار افراد کا تعلق افغانستان سے بتایا جاتا ہے۔ فائرنگ کے نتیجے میں تقریباً 12 افراد زخمی ہوئے جنہیں حراست میں لے لیا گیا ہے جبکہ تمام زخمیوں اور جاں بحق افراد کو فوری طور پر تربت کے اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گاڑی میں موجود بچے اس واقعے میں محفوظ رہے۔

## ڈی ایم جمالی: مسلح افراد کا کیسکو ہائی ٹرانسمیشن سسٹم پر حملہ 14 کھمبے زمین بوس

**چھتر و جھل مگسی کے سینکڑوں دیہی و شہری علاقے مکمل تاریکی میں ڈوب گئے**

**سیکورٹی نگرانی میں کام شروع، بجلی کی بحالی میں چند روز لگ سکتے ہیں، کیسکو**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) چھتر اور جھل مگسی میں نامعلوم مسلح افراد کا کیسکو کی ہائی ٹرانسمیشن سسٹم پر حملہ دھماکہ خیز مواد سے چودہ کھمبے زمین بوس جبکہ 40 سے زیادہ کھمبوں کی تاریں کاٹ دی گئیں بھاگ جھلگری، بختیار آباد، اللہ آباد، لہڑی حاجی شہر، گنشن محرم غازی، تھی خیر واہ، گنداواہ، گاجان سمیت سینکڑوں دیہی اور شہری علاقے مکمل تاریکی میں ڈوب گئے پولیس کے مطابق گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے کیسکو تنصیبات پر حملہ آور ہو کر بھاگ سے گنداواہ جھل مگسی جانے والی بجلی کی ہائی ٹرانسمیشن لائن کے چودہ کھمبوں کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا کھمبے زمین بوس ہو کر گر گئے جبکہ چالیس سے زیادہ کھمبوں کی تاریں کاٹ دی گئیں جس سے ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بھاگ جھلگری گاجان گنداواہ سمیت دیگر سینکڑوں دیہی اور شہری علاقے مکمل تاریکی میں ڈوب گئے واقعہ کی اطلاع پر پولیس سیکورٹی فورسز اور کیسکو کی ٹیمیں جائے وقوع پر پہنچ گئیں کیسکو حکام کے مطابق مرمت اور بحالی کا کام سخت سیکورٹی کی نگرانی میں شروع کر دیا گیا حکام کے مطابق بجلی بحالی میں چند روز لگ سکتے ہیں جبکہ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے ملزمان کی تلاش شروع کر دی پولیس کے مطابق کیسکو کے حکام کی مدعیت میں واقعہ کا مقدمہ بھاگ پولیس تھانہ میں درج کر لیا گیا ہے۔

## کوئٹہ: سیکورٹی ہائی الرٹ، داخلی وخارجی راستوں پر چیکنگ سخت

**ریڈ زون، ریلوے اسٹیشن، عدالتوں اور عبادت گاہوں کی سیکورٹی بڑھا دی گئی**

**پولیس اور فرنٹیئر کور کی جانب سے مشترکہ سنیپ چیکنگ کا عمل شروع کر دیا گیا**

کوئٹہ (یو این اے) سینٹرل پولیس آفس (CPO) بلوچستان کی جانب سے اہم تحریری الرٹ جاری کیے جانے کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سیکورٹی مزید سخت کرتے ہوئے شہر بھر میں ہائی الرٹ نافذ کر دیا گیا ہے۔ سیکورٹی خدشات کے......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پیش نظر کوئٹہ شہر کے تمام داخلی وخارجی راستوں پر پولیس اور ایف سی نے مشترکہ طور پر اسنیپ چیکنگ کا عمل شروع کر دیا ہے، جبکہ اہم شاہراہوں، حساس مقامات اور عوامی مراکز پر اضافی نفری تعینات کر دی گئی ہے پولیس حکام کے مطابق شہر میں داخل ہونے والی اور باہر جانے والی تمام گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور مشکوک افراد کی سخت جانچ پڑتال جاری ہے۔ مختلف داخلی راستوں پر ناکہ بندیوں کے دوران شہریوں کی شناخت اور سفری معلومات بھی چیک کی جا رہی ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated 04 MAY 2026 Page No. 21


## زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا سیکورٹی گارڈ کی تنخواہ بند، اہل خانہ نڈھال ہو گئے

[illegible]

MASHRIQ QUETTA

## کوہلو شہر سے کاڑدار وغ تک زیر تعمیر سڑک کا منصوبہ سست روی کا شکار

**دھول اور مٹی اڑنے سے مسافروں اور راہگیروں کو پریشانی، کام کی رفتار تیز کی جائے، شہری**

[illegible]

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ میں ڈاکو شہریوں کو لوٹنے میں مصروف، پولیس خاموش

**پولیس ناکوں کی موجودگی کے باوجود جرائم پیشہ عناصر بلا خوف و خطر سرگرم**

**جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے، شہریوں کی حکام بالا سے اپیل**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ڈکیت گردی میں مسلسل اضافے نے شہریوں میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے، جہاں موٹر سائیکل چھیننے، راہزنی اور لوٹ مار کی وارداتیں روزمرہ کا معمول بنتی جا رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس امن و امان برقرار رکھنے اور جان و مال کے تحفظ میں موثر کردار ادا کرنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق کوئٹہ کے مختلف علاقوں خصوصاً جناح روڈ، زرغون روڈ، سمنگلی روڈ، اسپنی روڈ ........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب روڈ، جائنٹ روڈ، ڈبل روڈ، سیٹلائٹ ٹاؤن سمیت دیگر مصروف علاقوں میں مسلح افراد دن دیہاڑے شہریوں کو گن پوائنٹ پر روک کر نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکلیں چھین کر فرار ہو جاتے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس ناکوں اور چیک پوسٹوں کی موجودگی کے باوجود جرائم پیشہ عناصر بلا خوف و خطر سرگرم ہیں، جس سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ کوئٹہ کے شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں پولیس گشت میں اضافہ کیا جائے، رات اور دن کے اوقات میں اسنیپ چیکنگ کا موثر نظام بنایا جائے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے۔ شہریوں نے زور دیا ہے کہ امن و امان کی ابتر صورتحال پر فوری توجہ دی جائے تاکہ عوام میں پھیلنے والے خوف اور عدم تحفظ کے احساس کو کم کیا جا سکے اور شہری معمول کی زندگی بلا خوف جاری رکھ سکیں۔

## کیچ، گرین بس اسٹاپ سہولیات سے محروم، انتظار گاہ قائم نہ ہو سکی

**شیلٹرز نہ ہونے سے تپتی دھوپ میں انتظار کرنا پڑتا ہے، ضروری سہولیات فراہم کی جائیں، عوامی حلقے**

تربت (این این آئی) ضلع کیچ میں شدید گرمی کے باوجود گرین بس سروس کے اسٹاپس پر بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی نے شہریوں خصوصاً خواتین، بچوں اور [illegible] ... بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

[illegible]

## واشک، محکمہ صحت کے کنٹریکٹ ملازمین 5 ماہ سے تنخواہوں سے محروم

**گھر کا گزارہ مشکل ہو گیا، نوبت فاقہ کشی تک پہنچ گئی، اعلیٰ حکام سے صورتحال کا نوٹس لینے کا مطالبہ**

بسیمہ (نامہ نگار) واشک میں محکمہ صحت کے 30 سے زائد کنٹریکٹ ملازمین کی تنخواہیں گزشتہ پانچ ماہ سے بند ہیں۔ یہ صورتحال نہ صرف ایک مالی نقصان ہے بلکہ [illegible] ... بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

[illegible]

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated. 04 MAY 2026 Page No. 22

## کوئٹہ کے شہریوں کیلئے خوشخبری!

پاکستان کے کراچی، لاہور اور دیگر شہروں میں عوام کو سستا اور معیاری سفر فراہم کرنے کے لیے وہاں لوکل ٹرانسپورٹ چل رہی ہے۔ جس سے عوام کو ایک بڑا ریلیف مل رہا ہے لیکن بڑے افسوس کی بات یہ ہے کہ بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں یہ سہولت میسر نہیں ہے جس کے باعث عوام پرائیویٹ ٹرانسپورٹرز کے ہاتھوں لٹ رہے ہیں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جب سے اقتدار سنبھالا ہے وہ عوامی مفاد کے لیے کوشاں ہیں۔ اس سے قبل صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گرین بسوں کو چلایا گیا اور اس طرح خواتین کے لیے الگ سے پنک بس سروس کو چلایا گیا جس سے شہر کے عوام کی ایک بڑی تعداد مستفید ہو رہی ہے وہ کم پیسوں میں بہترین سفر کر رہے ہیں۔ اس میں خواتین بھی باپردہ سفر کر رہی ہیں جو کہ اس سے قبل شہر میں برسوں پرانی خستہ حال لوکل بسوں میں سفر کرنے پر مجبور تھیں جس میں مردوں کو تکلیف کے علاوہ خواتین کا بھی احترام نہیں کیا جاتا تھا جس کے باعث وہ بہت پریشان تھیں۔ گرین اور پنک بس سروس نے ان کی یہ مشکل حل کر دی۔

گرین اور پنک بس سروس چلانے کے بعد صوبائی حکومت نے کوئٹہ سے کچلاک تک پیپلز ٹرین چلانے کا اعلان بھی کیا اور اس سلسلے میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے وفاق سے اس معاملے پر بات چیت کی اور اس طرح وہ اس مقصد میں کامیاب ہو گئے۔ ایک خبر کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے کوئٹہ کے شہریوں کو ایک خوشخبری سناتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ 14 اگست کو پیپلز ٹرین کا افتتاح کیا جائیگا

ہم سمجھتے ہیں کہ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کا 14 اگست کو پیپلز ٹرین کا افتتاح کرنے کا اعلان قابل تعریف اور کوئٹہ کی عوام کے لیے وفاقی ایک بڑی خوشخبری سے کم نہیں ہے۔ کیونکہ یہ صوبے کی تاریخ میں بڑا اہم اقدام ہے جو کہ اس سے قبل سابقہ حکومتیں نہ کر سکیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے یہ عوامی مفاد کے اقدامات اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ وہ بلوچستان اور اس کی عوام کے مسائل حل کر کے اسے ملک کے دیگر صوبوں کے برابر لانے کی کوششیں کر رہے ہیں وہ صوبے کو پسماندگی سے نکالنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کو پسماندگی سے نکالنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے سیاسی اختلافات کو ایک جانب رکھتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہاتھ مضبوط کرنے چاہئیں کیونکہ یہ صوبہ سب کا ہے۔ اس لیے اس کی ترقی کا فائدہ سب کو ہوگا۔ اس سلسلے میں وفاقی حکومت جو (ن) لیگ اور پی پی پر مشتمل ہے کو بھی صوبائی حکومت کا بھرپور ساتھ دینا چاہیے کیونکہ ایسا کرنے سے ہی صوبہ پسماندگی سے نکل کر ملک کے دیگر صوبوں کے برابر آسکے گا۔ اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان کا جو کردار ہے وہ قابل ستائش ہے کیونکہ پیپلز ٹرین کا چلنا صوبے کے لیے تاریخی اقدام ہے جو اس سے قبل کوئی حکومت نہیں اٹھا سکی۔ اس لیے اس کا سہرا موجودہ حکومت اور وزیراعلیٰ کے سر جاتا ہے۔

امید ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اس عمل کی نگرانی خود کرتے ہوئے اسے پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے۔ یہ ان کے لیے ایک بہت بڑا اعزاز ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated 04 MAY 2026 Page No. 23

# Power crisis

The persistent crisis of electricity load-shedding in Quetta and across the broader landscape of Balochistan has transcended a mere seasonal inconvenience, evolving into a systemic failure that paralyzes the daily lives of millions. As the mercury rises, the province finds itself plunged into darkness for hours on end, with unannounced power outages becoming the new, grim reality. This is not just a story of flickering lights; it is a profound disruption of human dignity and economic survival in a region that already feels the weight of historical marginalization. For the residents of Quetta, the provincial capital, and the far-flung districts, the heat is no longer just a climatic challenge but a relentless adversary compounded by a dry power grid.

The human cost of this energy deficit is staggering. Students, the supposed future of the province, are left to struggle with their books under the dim glow of lanterns or in the stifling heat of classrooms, their academic ambitions stifled by an inability to concentrate or access digital learning tools. Hospitals, which should be sanctuaries of healing, are forced to operate under precarious conditions, where life-saving equipment and the cold chain for essential medicines are constantly threatened by the unpredictability of the current. Meanwhile, the heartbeat of the local economy is slowing to a crawl. For a shopkeeper or a small-scale manufacturer, every hour of load-shedding represents a direct loss of livelihood, pushing families further into financial instability.

There is a bitter irony in the fact that Balochistan, a province synonymous with vast natural resources and immense energy potential, remains the most neglected tier of the national power hierarchy. The sense of alienation among its residents is not unfounded; it is fueled by the stark contrast between the wealth extracted from their soil and the poverty of the infrastructure provided in return. This persistent crisis is a loud indictment of poor management, aging transmission lines, and a lack of political will to prioritize the provincial periphery.

Addressing this chronic energy poverty requires more than just temporary relief or verbal assurances from the authorities. It demands a fundamental shift toward transparent policies and a fair distribution of the national energy quota. Immediate measures must be taken to upgrade the fragile provincial grid and eliminate the practice of unannounced outages that leave citizens unable to plan their lives. A stable power supply is not a luxury; it is the fundamental infrastructure upon which the health, education, and prosperity of Balochistan must be built.

CamScanner